**22.05.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ....................... کونین حیدر

**Music**

------------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے نئی دلی میں قبرص کے صدر نِکوس کرسٹو ڈولائڈز کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کی۔ انھوں نے کہا کہ بھارت اور قبرص کا مقصد اگلے پانچ سال میں سرمایہ کاری کو دوگنا کرنا ہے۔

☆ انتخابی کمیشن نے اگلے ماہ کی 18 تاریخ کو دس ریاستوں کی 24 راجیہ سبھا سیٹوں کے لئے انتخابات کا اعلان کیا ہے۔

☆ دلی ہائی کورٹ نے UAPA کیس میں عمر خالد کو تین دن کی عبوری ضمانت دے دی ہے۔

☆ IMD نے اترپردیش، مدھیہ پردیش اور وِدربھ میں شدید گرمی کے پیش نظر کل تک کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں آج شام حیدرآباد میں سن رائزر حیدرآباد کا مقابلہ رایل چیلنجرس بینگولورو سے ہوگا۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Rev MPM Cyprus Prez**

بھارت اور قبرص نے آج نئی دلی میں مختلف میدانوں میں، ایک دوسرے کے ساتھ بہت سے معاہدے کیے ہیں جن میں دہشت گردی کی روک تھام سے متعلق ایک مشترکہ ورکنگ گروپ کا قیام، اختراع اور ٹیکنالوجی، اعلیٰ تعلیم و تحقیق اور ثقافتی تعاون شامل ہیں۔

وزیراعظم نریندر مودی نے آج بہت سے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مستحکم بنانے کے بارے میں قبرص کے صدر نِکوس کرسٹو ڈولائڈز کے ساتھ بات چیت کی۔

دونوں رہنماؤں نے کثیر ملکی فورموں میں تعاون سمیت علاقائی اور عالمی اہمیت کے معاملات پر تبادلۂ خیال کیا۔

اپنے مشترکہ بیان میں وزیراعظم مودی نے کہا کہ بھارت اور قبرص کے درمیان دوسری نہ صرف مضبوط ہے بلکہ مستقبل میں تابناک بھی ہے۔

انھوں نے کہا کہ پچھلی دہائی میں قبرص سے بھارت میں سرمایہ کاری، تقریباً دوگنا ہوئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت یوروپی یونین آزاد تجارتی معاہدے کے بعد بہت سے نئے امکانات پیدا ہوئے ہیں اور دونوں ملکوں کے درمیان اعتماد میں اضافہ

ہوا ہے۔

جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ بھارت اور قبرص کا مقصد اگلے پانچ سال میں سرمایہ کاری کو ایک بار پھر دوگنا کرنا ہے-

S/B Narendra Modi

قبرص کے صدر جناب کِرسٹوڈولائڈس نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات اور یوروپی یونین-بھارت تعلقات میں پچھلے سال کافی وسعت آئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ پچھلے سال اِن تعلقات میں وزیراعظم مودی کے قبرص کے دورے سے شراکت داری کی رفتار میں قابل ذکر اضافہ ہوا ہے۔

قبرص کے صدر آج شام راشٹرپتی بھون میں صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کریں گے۔ بھارت اور قبرص کے درمیان قریبی اور دیرینہ شراکت داری ہے،دونوں ملکوں کے درمیان اگلے سال فروری میں سفارتی تعلقات کے 65 سال پورے ہوں گے۔x

**Rev. Shah BSF**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت پوری سرحد کو اور زیادہ مضبوط بنانے کے لئے Smart Border Project شروع کرے گی۔

آج نئی دلی میں BSF کے یومِ تاسیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ اِس پروجیکٹ میں ڈرون، رڈار، کیمرے اور دیگر تکنیکی وسائل شامل کیے جائیں گے۔ انھوں نے کہا کہ یہ کام ایک ایسی سرحد کے حفاظتی فریم ورک کی طرف بڑھ رہا ہے جسے پار کرنا ممکن نہ ہو،جس کے لیے اسمارٹ بورڈر تصور کے تحت آنے والے سال میں سرحدی حفاظتی فورس کے سلامتی نظام میں ہر طرح کی ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جائے گا۔

S/B Amit Shah

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ بین الاقوامی سرحدوں کی سیکیورٹی کو چیلنجوں سے نمٹنے کے ایک علیحدہ کام کے بجائے وسیع تر علاقائی ذمہ داری کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔ جناب شاہ نے کہا کہ کئی طرح کے چیلنجوں اور دشوار حالات کے باوجود BSF نے لگاتار ملک کا نام روشن کیا ہے۔ جناب امت شاہ نے دراندازی، منشیات کی اسمگلنگ، جعلی کرنسی کے چلن اور ہتھیاروں اور نشہ آور ادویات کی اسمگلنگ سمیت ابھرتے ہوئے سیکیورٹی خطرات کو اجاگر کیا۔

وزیر داخلہ نے زیادہ مربوط اور جامع سیکیورٹی فریم ورک کی ضرورت پر زور دیا اور ریاستی پولیس، مرکزی مسلح فورسز، سراغ رساں ایجنسیوں اور مقامی انتظامیہ کے مابین اور زیادہ تال میل کی ضرورت بھی اجاگر کی۔x

SB / Amit Shah

**EC Bienntal Election**

انتخابی کمیشن نے آج 10 ریاستوں کی راجیہ سبھا کی 24 سیٹوں کیلئے انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کیا ہے۔ سابق وزیراعظم ایچ ڈی دیوگوڑا، مرکزی وزراء جیورج کیورین اور Ravneet Singh وہ ارکان ہیں، جن کی مدت کار اگلے مہینے ختم ہو رہی ہے۔

آندھرا پردیش، گجرات اور کرناٹک کی چار-چار سیٹیں، راجستھان اور مدھیہ پردیش کی تین-تین سیٹیں، جھارکھنڈ کی دو سیٹیں اور منی پور،میگھالیہ، اروناچل پردیش اور میزورم میں ایک-ایک سیٹ خالی ہوجائے گی۔کمیشن کے مطابق اِس سلسلے میں یکم جون کو نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا اور 18 جون کو پولنگ ہوگی۔ اُسی دن ووٹوں کی گنتی کی جائے گی۔

کمیشن نے مہاراشٹر اور تمل ناڈو میں ایک-ایک سیٹ کیلئے راجیہ سبھا کے ضمنی انتخابات کا بھی اعلان کیا ہے۔ یہ سیٹیں مہاراشٹر کی نائب وزیراعلیٰ Sunetra اجیت پوار اور AIADMK کے رکن پارلیمنٹ C V Shanmugam کے حالیہ ریاستی انتخابات میں منتخب ہوکر ریاستی اسمبلی میں پہنچنے کے بعد خالی ہوگئی ہیں۔

اِن سیٹوں کیلئے بھی 18 جون کو ہی چناؤ کرائے جائیں گے۔x

**Keralam Speaker Electioin**

کیرالم میں سات مرتبہ کے کانگریس MLA، ترووَنچور رادھا کرشنن کو ایک تاریخی سہ رخی مقابلے میں، 16 ویں کیرالہ قانون ساز اسمبلی کا اسپیکر چن لیا گیا ہے۔ پہلی بار ایسا ہے کہ اِس چناؤ میں برسرِ اقتدار UDF ، بائیں بازو اور BJP کے قیادت والے NDA کے امیدواروں نے حصہ لیا۔

ایک رپورٹ

**V/C Smithy**

*برسرِ اقتدار UDF امیدوار ترووَنچور رادھا کرشنن کو 140 رُکنی اسمبلی میں 101 ووٹوں سے اسپیکر منتخب کرلیا گیا ہے۔ اپوزیشن LDF امیدوار AC محی الدین نے 65 ووٹ، جبکہ BJP امیدوار BB گوپا کمارنے تین ووٹ حاصل کیے۔ ایسا پہلی بار ہے کہ BJP نے کیرالم میں اسپیکر کا چناؤ لڑا ہوا۔*

*نائب اسپیکر کیلیے انتخاب یکم جون کو ہوگا۔*

*ترو اننتھا پورم سے اسرتی ایم پلوُرتی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں حبیب الرحمٰن*

**Court Khalid Bail**

دلی ہائی کورٹ نے آج UAPA کیس میں عمر خالد کو تین دن کی عبوری ضمانت دے دی ہے۔ اِس کیس کا تعلق 2020 کے شمال مشرقی دلی کے فسادات کے پیچھے مبینہ ایک بڑی سازش سے ہے۔

جسٹس پرتبھا ایم سنگھ اور جسٹس مدھو جین کی ایک ڈویژن بینچ نے عمر خالد کی رہائی کیلئے سخت شرائط کے ساتھ یکم سے تین جون تک کی اجازت دی ہے۔عمر خالد نے 15 دن کی عبوری ضمانت چاہی تھی، تاکہ وہ اپنے مرحوم چچا کے چہلم کی رسوم میں شرکت کرسکیں اور اپنی والدہ کے آپریشن سے پہلے اور بعد میں اُن کی نگہداشت کر سکے۔

عدالت نے ہدایت دی کہ خالد کو صرف ایک موبائل فون استعمال کرنا ہوگا اور تفتیشی افسر کے ساتھ لگاتار رابطے میں رہنا ہوگا۔x

**Court Lalu Prasad**

دلی کی ایک عدالت نے آج، راشٹریہ جنتا دل کے سربراہ لالو پرساد یادو، اُن کے کنبے کے افراد اور دیگر کے خلاف الزامات طے کرنے کے بارے میں اپنا فیصلہ 9 جون تک ملتوی کردیا ہے۔ اِس کیس کا تعلق IRCTC ہوٹل گھوٹالے میں مبینہ طور پر کالے دھن کو جائز بنانے سے ہے۔
اِس کیس کی تحقیقات انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کر رہا ہے اُس نے الزام لگایا ہے کہ لالو پرساد کی،2004 سے 2009 کے درمیان ریلوے کے وزارت کے دوران IRCTC ہوٹلوں کے کام کاج کے ٹھیکے دینے میں بدعنوانیاں کی گئی ہیں۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے اترپردیش، مدھیہ پردیش اور ودربھ میں کل تک شدید گرمی اور سخت لُو کے پیش نظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمے نے دلّی، ہریانہ اور چنڈی گڑھ کیلئے شدید گرمی کا اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ آئندہ دو دنوں کے دوران، بہار، چھتیس گڑھ، اُڈیشہ، پنجاب، راجستھان، تلنگانہ اور آندھراپردیش میں بھی شدید گرم لہر چلنے کا امکان ہے۔
محکمۂ موسمیات نے شمال مشرقی بھارت، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور داخلی مغربی کرناٹک کے مختلف علاقوں میں کل تک موسلادھار بارش کی پیش گوئی بھی کی ہے۔x

## IPL-Cricket

IPL کرکٹ میں، آج حیدرآباد کے راجیوگاندھی بین الاقوامی اسٹیڈیم میں سَن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ رائل چیلنجرس بینگلور سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا
کل رات احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس نے چنئی سپرکنگس کو 89 رن سے ہرادیا۔ گجرات ٹائٹنس نے چنئی سُپرکنگس کو 230 رن کا جیت کا بڑا نشانہ دیا تھا اور چنئی کی ٹیم محض 13 اوورس اور چار گیندوں میں 140 رن بنا کر آل آؤٹ ہوگئی۔ شیوم دوبے نے سب سے زیادہ 47 رن بنائے۔ گجرات ٹائٹنس کیلئے محمدسراج، راشد خان اور Kagiso Rabada نے تین تین وکٹ حاصل کئے۔ محمد سراج کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔x

## Jitendra Singh Chandrayaan

خلاء کے محکمے کے وزیرمملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کے چندریان-3 چاندمشن کو امیریکن انسٹی ٹیوٹ آف ایرونوٹکس اینڈ ایسٹرونوٹکس کی جانب سے 2026 کے Goddard ایسٹرونوٹکس ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ سوشل میڈیا پر اپنے پیغام ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ چندریان-3 مشن مسلسل ملک کا نام روشن کررہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چاند کے جنوبی قطب کے قریب تاریخی سافٹ لینڈنگ اور مستقبل کی قمری تحقیق میں اہم کردار ادا کرنے پر اِس مشن کو خلائی سائنس کے شعبے کا اعلیٰ ترین اعزاز حاصل ہوا ہے۔x

## Delhi - Animal Welfare

دلّی سرکار نے عید الاضحیٰ سے پہلے جانوروں کی بہبود سے متعلق قوانین سختی سے نافذ کیے جانے کے بارے میں ہدایات

جاری کی ہیں۔ ایک جائزہ میٹنگ کے دوران، دلّی کی ترقی سے متعلق وزیر کپل مشرا نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ وہ جانوروں کی بہبود سے متعلق تمام اصول و قوانین پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ گائے، گائے کے بچے، اونٹ اور دیگر ممنوعہ جانوروں کی قربانی پر عائد مکمل پابندی کو یقینی بنایا جائے گا۔ جناب مشرا نے کہا کہ عوامی مقامات پر جانوروں کی خرید و فروخت مکمل طور پر ایک غیر قانونی عمل ہے اور سڑکوں، گلیوں یا کسی بھی عوامی مقام پر قربانی نہیں ہونی چاہئے۔ انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ وہ اِس پابندی کو سختی سے نافذ کریں اور کوئی بھی شکایت ملنے پر سخت قدم اُٹھائیں۔

وزیر موصوف نے کہا کہ جانوروں کو غیر قانونی طریقے سے لانے لے جانے، غیر قانونی ذبح خانہ یا قانون شکنی سے متعلق کوئی بھی شکایت ملنے پر سخت کارروائی کی جائے گی۔x

## Quad FM Meeting

Quad وزراءِ خارجہ کی میٹنگ اِس ماہ کی 26 تاریخ کو نئی دلی میں منعقد کی جائے گی۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کی دعوت پر آسٹریلیا کے وزیر خارجہ Penny Wong اور جاپان کے وزیر خارجہ Toshimitsu Motegi اور امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو اس میٹنگ میں شرکت کے لئے نئی دلی پہنچ رہے ہیں۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ایک آزاد اور کھلے بھارت-بحرالکاہل خطے کیلئے کواڈ ویژن کے مطابق وزراء گذشتہ سال ایک جولائی کو واشنگٹن DC میں ہوئی بات چیت کو آگے بڑھائیں گے۔ وہ ترجیحی معاملات اِس وقت جاری کواڈ کے اقدامات سے متعلق ترجیحی معاملات میں کواڈ ممالک کے درمیان تعاون کو بڑھانے پر غور کریں گے، کواڈ کی طرف سے جاری اقدامات کی پیشرفت کا جائزہ لیں گے اور بھارت-بحرالکاہل خطے کے حالیہ واقعات اور دیگر بین الاقوامی سطح کے باہمی دلچسپی کے امور پر غور کریں گے۔

نئی دلی کے اپنے دورے کے دوران آسٹریلیا، جاپان اور امریکہ کے وزراءِ خارجہ، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کریں گے اور وزیراعظم نریندر مودی سے ملاقات کریں گے۔x

## IBCA Summit Postponed

Big Cat Alliance کی پہلی بین الاقوامی سربراہ کانفرنس، جو یکم جون کو نئی دلّی میں ہونے والی تھی، ملتوی کر دی گئی ہے۔ اس سربراہ کانفرنس میں Big Cat کے دائرے میں آنے والی جانوروں کی 7 اقسام کو محفوظ رکھنے پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے، جن میں شیر، ببر شیر، تیندوا، برفانی تیندوا، چیتا، Jaguar اور Puma نیز اُن کا ایکو نظام شامل ہے۔

Big Cat Alliance کی بین الاقوامی سربراہ کانفرنس چوتھی بھارت-افریقہ فورم سربراہ میٹنگ کے ساتھ ساتھ ہونے والی تھی۔ کئی افریقی ملکوں میں Big Cats جانوروں کی مختلف اقسام پائی جاتی ہیں اور وہ انہیں محفوظ رکھنے، ماحولیاتی پائیدار نظام اور حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کی سمت عالمی کوششوں میں وہ اہم ساجھیدار ہیں۔ چوتھی بھارت-افریقہ فورم سربراہ میٹنگ اب بعد میں کسی تاریخ کو کرائی جائے گی۔ اس لیے یہ فیصلہ کیا گیا کہ افریقی ملکوں سمیت سبھی متعلقہ ملکوں کی وسیع تر اور سرگرم شمولیت کو یقینی بنانے کی خاطر Big Cat Alliance کی پہلی سربراہ کانفرنس بھی بعد میں طلب کی جائے گی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆